حوالہ نمبر:301-NMP-2025

تاریخ:29-07-2025

محترم مہتممین وناظمین مدارس

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

امید ہے آپ بخیریت وعافیت ہوں گے اور دین متین کی خدمت میں ہمہ وقت مصروف عمل ہوں گے۔

ذیل میں نظام المدارس پاکستان کے سالانہ امتحان 2026ء کے لئے داخلہ وصولی کا شیڈول اور امتحانی پالیسی دی جارہی ہے۔ آپ سے گزارش ہے کہ درج ذیل پالیسی کے مطابق بروقت اپنے داخلوں کو مکمل کریں تاکہ بعد میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

امتحانی پالیسی وشیڈول داخلہ سال 1447ھ/2025-26ء

نظام الاوقات برائے داخلہ (درسیات)

داخلہ فارم جمع کروانے کا نظام الاوقات درج ذیل ہے:

پہلا مرحلہ:	07اگست2025ءبروز جمعرات	تا	10 ستمبر 2025ءبروز بدھ
دوسرا مرحلہ:	11 ستمبر 2025ءبروز جمعرات	تا	23 ستمبر 2025ءبروز منگل
تیسرا مرحلہ:	24 ستمبر 2025ءبروز بدھ	تا	06اکتوبر2025ءبروز سوموار
یومیہ جرمانہ (50روپے):	07اکتوبر2025ءبروز منگل	تا	22اکتوبر2025ءبروز بدھ
یومیہ جرمانہ (100روپے):	23اکتوبر2025ءبروز جمعرات	تا	20نومبر2025ءبروز جمعرات
یومیہ جرمانہ (200روپے):	21نومبر 2025ءبروز جمعہ	تا	30نومبر2025ءبروز اتوار

نوٹ: 30نومبر2025ءبروز اتوار کے بعد کسی قسم کا داخلہ قابل قبول نہ ہوگا اور نہ ہی اس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی رعایت دی جائے گی۔ لہٰذا جرمانے سے بچنے کے لیے بروقت داخلے کروائیں۔ لیٹ ہونے کی صورت میں جرمانے میں کسی قسم کی کوئی رعایت نہیں ہوگی۔

انتہائی نوٹ: یومیہ جرمانے کا مقصد زیادہ فیس کا حصول نہیں بلکہ داخلہ جات کو بروقت مکمل کرنا مقصود ہے کیونکہ جب تک داخلہ جات مکمل نہیں ہوتے اس وقت تک امتحانی پراسس شروع نہیں کیا جاسکتا جس کے باعث امتحانی معاملات تاخیر کا شکار ہوتے ہیں جس کا خمیازہ نظام المدارس سمیت تمام اداروں کو بھی بھگتنا پڑتا ہے۔

366 M MODEL TOWN, LAHORE, PAKISTAN PH: 042 351 766 70
UAN #+92 42 111 140 140 Ext. 122 E-mail: info@nizam-ul-madaris.edu.pk

داخلہ فیس:

کلاس	امتحانی داخلہ فیس		
	پہلا مرحلہ	دوسرا مرحلہ	تیسرا مرحلہ
عامہ	1200	1700	2200
خاصہ	1300	1800	2300
عالیہ	1600	2250	2900
عالمیہ اول	1900	2650	3400
عالمیہ دوم	3000	4200	5400
ترجمہ و تفسیر	1200	1700	2200
تجوید	1000	1400	1800
عامہ اسپیشل	2400	3350	4300

امتحانی فیس جمع کروانے کے حوالے سے پالیسی

1. کوئی بھی امیدوار / مدرسہ / جامعہ سوفٹ ویئر میں داخلے جمع کروانے اور سوفٹ ویئر سے چالان ڈاؤنلوڈ کرنے سے قبل کسی صورت بھی فیس جمع نہ کروائے۔
2. اگر کوئی امیدوار / مدرسہ / جامعہ سوفٹ ویئر میں داخلے جمع کروانے اور فیس چالان ڈاؤنلوڈ کرنے سے قبل فیس جمع کرواتا ہے تو نظام المدارس پاکستان ایسی فیس کو کسی صورت بھی قبول نہیں کرے گا۔
3. سب سے پہلے سوفٹ ویئر میں داخلے جمع کروائیں، پھر فیس چالان ڈاؤنلوڈ کریں اور پھر اس فیس چالان کے مطابق فیس جمع کرواکر اس کی رسید کو سوفٹ ویئر کے مخصوص سیکشن میں اپلوڈ کریں۔
4. چالان پر فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ درج ہوتی ہے لہذا مقررہ تاریخ سے پہلے فیس جمع کرواکر رسید چالان پر لکھی تاریخ سے پہلے سوفٹ ویئر کے متعلقہ سیکشن میں اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔ اگر فیس مقررہ تاریخ میں جمع کروادی مگر سافٹ ویئر میں رسید اپلوڈ نہ کی تو نیا چالان جرمانے کے ساتھ ہو گا اور جرمانہ کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔
5. درج بالا ہدایات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں بورڈ کسی قسم کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا اور سوفٹ ویئر میں داخلہ کرنے اور فیس چالان ڈاؤنلوڈ کرنے سے قبل جمع کروائی گئی فیس ناقابل واپسی ہو گی اور کسی صورت واپس یا ایڈجسٹ نہ کی جائے گی۔
6. امتحانی فیس جمع کروانے کے لیے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل چالان کے اوپر لکھی ہوئی ہوتی ہیں لہذا فیس اسی بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائیں جو چالان پر درج ہو گا۔
7. فیس چالانا جنریٹ ہونے کے بعد فیس بینک میں جمع کروانے کے ساتھ ساتھ کسی بھی بینک کی موبائل ایپ، جاز کیش یا ایزی پیسہ سے بھی نظام المدارس پاکستان کے آفیشل اکاؤنٹ میں جمع کرواکر اس کی رسید کا سکرین شاٹ سافٹ ویئر میں اپلوڈ کیا جاسکتا ہے۔

366 M MODEL TOWN, LAHORE, PAKISTAN PH: 042 351 766 70
UAN #+92 42 111 140 140 Ext. 122 E-mail: info@nizam-ul-madaris.edu.pk

داخلے کے لیے ضروری دستاویزات

درج ذیل دستاویز ہر کلاس کے داخلے کے لیے لازمی ہوں گی:

- امیدوار کی نیلے بیک گراؤنڈ کے ساتھ پاسپورٹ سائز تصویر (تصویر سامنے دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق اپلوڈ کریں بصورت دیگر داخلہ قبول نہیں ہو گا۔)
- امیدوار کا ب فارم / شناختی کارڈ
- والد کا شناختی کارڈ (اگر امیدوار کا فارم ب ہو تو والد کا شناختی کارڈ لازمی ہو گا۔ اگر امیدوار کا اپنا شناختی کارڈ بنا ہوا ہو تو والد کا شناختی کارڈ لازمی نہیں ہو گا)۔

ذیل میں ہر کلاس کے لیے ضروری تعلیمی اسناد کی لسٹ دی جا رہی ہے۔ لہذا ہر کلاس کے داخلے کے لیے جو دستاویزات مانگی گئی ہیں وہ ہر حال میں داخلہ کرتے وقت اپلوڈ کریں بصورت دیگر داخلہ مسترد کر دیا جائے گا۔

نمبر شمار	کلاس	پارٹ	دستاویزات
.1	الشہادۃ الثانویہ العامہ	اول	اگر کوئی دستاویز موجود ہو (اختیاری)
		دوم	عامہ اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
		اسپیشل	میٹرک کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
.2	الشہادۃ الثانویہ الخاصہ	اول	عامہ اول و دوم کے رزلٹ کارڈ / سند (لازمی)
		دوم	1۔ عامہ اول و دوم کے رزلٹ کارڈ / سند (لازمی) 2۔ خاصہ اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
.3	الشہادۃ العالیہ	اول	1۔ عامہ اول و دوم کے رزلٹ کارڈ / سند (لازمی) 2۔ خاصہ اول و دوم کے رزلٹ کارڈ / سند (لازمی)

		دوم	1۔عامہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 2۔خاصہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 3۔عالیہ اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
.4	الشہادۃ العالمیہ	اول	1۔عامہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 2۔خاصہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 3۔عالیہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی)
		دوم	1۔عامہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 2۔خاصہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 3۔عالیہ اول ودوم کے رزلٹ کارڈ/سند (لازمی) 4۔عالمیہ اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
.5	ترجمہ و تفسیر کورس	اول	اگر کوئی دستاویز موجود ہو (اختیاری)
		دوم	ترجمہ و تفسیر اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)
.6	شہادۃ التجوید والقراءۃ	اول	اگر کوئی دستاویز موجود ہو (اختیاری)
		دوم	تجوید اول کا رزلٹ کارڈ (لازمی)

نوٹ:

- درج بالا تمام دستاویزات کا اطلاق نئے داخل ہونے والے سٹوڈنٹس یعنی ایسے امیدوار جو پہلی دفعہ نظام المدارس پاکستان کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں گے ان پر ہوگا۔
- اس کے علاوہ ایسے امیدوار جو پہلے سے نظام المدارس پاکستان کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور امتحان بھی دے چکے ہیں لیکن ان کا داخلہ Conditionally قبول کیا گیا تھا وہ بھی درج بالا اصول کے مطابق ان کے ڈاکومنٹس کو مکمل کریں گے تب ہی سالانہ امتحان 2026ء کا داخلہ قبول ہوگا بصورت دیگر قبول نہیں کیا جائے گا۔

- ایسے امیدوار جو پہلے سے نظام المدارس پاکستان کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور امتحان بھی دے چکے ہیں اور ان کے ڈاکومنٹس کو نظام المدارس پاکستان کی طرف سے ویری فائی کر دیا گیا تھا وہ اصول سے مستثنیٰ ہیں۔ اس سال ایسے امیدواروں سے ڈاکومنٹس نہیں لئے جائیں گے۔

عمومی ہدایات

1. نظام المدارس پاکستان کی مجلس منتظمہ و عاملہ کے فیصلہ کے مطابق حکومت پاکستان سے منظور شدہ کسی بھی وفاق سے کسی بھی درجے کا سال اول کا امتحان پاس کرنے والا امیدوار متعلقہ بورڈ سے NOC اور سابقہ رزلٹ کارڈز / اسناد کی تصدیق کروا کر نظام المدارس پاکستان میں جمع کروانے کے بعد سال دوم کا امتحان دے سکتا ہے۔
2. میٹرک پاس امیدوار عامہ سال اول و دوم کا امتحان اکٹھا (ایک سال میں) دے سکتے ہیں۔
3. عامہ میں داخلے کے لیے امیدوار کی کم از کم عمر 13 سال ہونا لازمی ہے۔
4. عامہ کے لیے متوسط + مڈل، خاصہ کے لیے عامہ + میٹرک، عالیہ کے لیے عامہ + خاصہ + ایف اے، عالمیہ کے لیے عامہ + خاصہ + عالیہ + بی اے کی تصدیق شدہ اسناد لف کریں۔ ایسے طلبہ و طالبات جن کے پاس عصریہ کی کوئی سند نہیں وہ شریعہ کے پاس شدہ امتحان کی تصدیق شدہ سند لف کریں۔
5. امتحان میں کامیابی کے لیے ہر مضمون میں (40) چالیس فیصد نمبر لینا ضروری ہے۔
6. تین مضامین میں فیل ہونے والا امیدوار ضمنی امتحان میں فیل شدہ مضامین کا امتحان دینے کا اہل ہو گا۔ اگر تین سے زائد مضامین میں فیل ہو گا تو سارے مضامین کا امتحان اگلے سال دوبارہ دے گا۔
7. طلباء و طالبات کے امتحانات ایک ساتھ منعقد ہوں گے۔
8. ترجمہ و تفسیر کورس برائے صرف ان طلباء و طالبات کے لیے ہے جو درس نظامی نہیں کر رہے۔ اس کا امتحان بھی درسیات کے ساتھ ہو گا۔
9. اگر درس نظامی پڑھنے والے تجوید کا امتحان بھی ساتھ دینا چاہتے ہیں تو ایسے امیدوار تجوید و قرءات کا داخلہ بھیج سکتے ہیں لیکن ان کا تجوید کا پرچہ درسیات کا پیپر ختم ہونے کے فوری بعد شروع ہو گا البتہ تجوید کے پیپر کے لیے اضافی وقت دیا جائے گا۔

عامہ (اسپیشل) پالیسی

نظام المدارس پاکستان میٹرک پاس طلبہ و طالبات کے لیے عامہ (اسپیشل) کرواتا ہے جس کی پالیسی درج ذیل ہے:

عامہ (اسپیشل) یعنی الشہادۃ الثانویہ العامہ اول اور دوم وہ امیدوار کر سکتا ہے جس نے میٹرک پاس کیا ہو۔

دیگر بورڈز سے آنے والے امیدواروں کے لئے سال اول کی پالیسی

کسی بھی دیگر وفاق / بورڈ سے درس نظامی کی کسی بھی کلاس کا سال اول پاس کر کے سال دوم نظام المدارس پاکستان کے ساتھ امتحان دینے والے امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ نظام المدارس کے سال اول کے ایسے مضامین جو سابقہ بورڈ میں نہیں پڑھے ہوں گے ان کا اسپیشل امتحان پاس کرنا ضروری ہو گا۔ ایسے امیدوار کے لئے لازم ہو گا کہ وہ سابقہ بورڈ سے NOC اور تمام سابقہ رزلٹ کارڈز و اسناد کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں اور متعلقہ ڈگری کے سال اول کا اصل رزلٹ کارڈ نظام المدارس پاکستان میں جمع کروائے گا۔

پیپر پیٹرن

1۔ پرچہ معروضی اور اور انشائیہ طرز کا ہو گا۔

2۔ سوال نمبر 1 معروضی سوالات (MCQs) پر مشتمل ہو گا یعنی ہر سوال کے چار آپشن دیئے جائیں گے جس میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگانا ہو گا۔ کل 20 سوال ہوں گے، ہر سوال ایک نمبر کا ہو گا۔

3۔ سوال نمبر 2 اور 3 مختصر سوالات پر مشتمل ہو گا۔ ہر حصے میں 12 سوال ہوں گے اور 10 سوال کرنے ہوں گے۔ ہر سوال 2 نمبر کا ہو گا، کل 40 نمبر ہوں گے۔

4۔ حصہ انشائیہ میں سوال نمبر 4 اور 5 تفصیلی سوالات ہوں گے جن میں ہر سیکشن میں 3، 3 سوال پوچھے جائیں گے جن میں سے 2، 2 سوال لازمی حل کرنے ہوں گے۔ ہر سوال 10 نمبر کا ہو گا۔

سوالنامہ بنانے کے قواعد و ضوابط

1۔ کسی عنوان یا باب سے 20 فیصد سے زائد سوالات نہیں دیئے جائیں گے۔

2۔ علوم و فنون کی مختلف بنیادی اصطلاحات اور ان کے اجراء و اطلاق سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے۔

3۔ عربی کتب سے عربی متن کا سوال لازمی شامل ہو گا جس میں صرفی و نحوی ترکیب کے بارے میں پوچھا جائے گا یا عربی عبارت کے ترجمہ و تشریح کے ساتھ اس سے مسائل و احکام کا استدلال بھی کرنا ہو گا۔

4۔ معروضی سوالات مکمل نصاب سے پوچھے جائیں گے۔

امتحانی سنٹر بنانے کے لئے ہدایات

امتحانی سنٹر بنانے کے لیے شرائط درج ذیل ہوں گی:

1. وسطانی یا فوقانی درجے کے ادارے کو سنٹر بنایا جائے گا جن کے پاس اپنے طلبہ / طالبات کی تعداد کم از کم پچیس (25) ہو ایسی صورت میں سنٹر کے تمام اخراجات بذمہ مرکز ہوں گے۔ 25 طلباء سے کم تعداد ہونے کی صورت میں مرکز سنٹر بنانے کا ذمہ دار نہیں ہو گا البتہ ادارے کے مطالبے پر متبادل پالیسی پر عمل کیا جا سکتا ہے۔
2. پہلے سے امتحانی سنٹر بننے والے اداروں کو ترجیح دی جائے گی۔
3. امتحانی سنٹر بننے والے اداروں میں انٹرنیٹ کی سہولت کا ہونا لازمی ہے بصورت دیگر سنٹر کسی ایسے قریبی ادارے میں بنایا جائے گا جہاں پر انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہو گی۔
4. امتحانی سنٹر میں سرخ پنسل، سوئی دھاگہ، سٹیپلر اور سٹیپلر پنز اور پیپر کٹر وغیرہ بنیادی اشیاء کا ہونا ضروری ہے۔

ری چیکنگ پالیسی

نوٹ: نظام المدارس پاکستان واحد بورڈ ہے جس نے سالانہ امتحان کے پیپرز کی چیکنگ کے بعد ری چیکنگ پالیسی بھی بنا رکھی ہے یعنی کہ ایک بار پیپرز چیک ہو جانے کے بعد ایک دوسری ٹیم انہیں پرچہ جات کو ری چیک کرتی ہے اور جہاں پر بھی کسی قسم کی خطا ہوئی ہو اسے درست کر کے پھر رزلٹ تیار کیا جاتا ہے۔ لہذا نظام المدارس پاکستان کے پیپرز کی چیکنگ میں غلطی کے امکانات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔ اس کے باوجود اگر کسی کو اعتراض ہو تو درج ذیل ری چیکنگ پالیسی پر عمل کیا جائے گا:

1. مقررہ تاریخ کے اندر درخواست اور مقرر کردہ فیس جمع کروانا

2. پیپرز کی ری چیکنگ شعبہ امتحانات نظام المدارس پاکستان خود کرے گا کسی کو پیپر دیکھنے کی اجازت نہ ہو گی۔
3. پیپر ری چیکنگ سے مرادRe-Counting ہے۔ مکمل پیپر چیک نہیں کیا جائے بلکہ نمبرز کی دوبارہ گنتی ہو گی۔
4. اگر کوئی سوال یا کسی سوال کا کوئی حصہ چیکنگ میں رہ گیا ہو تو اسے چیک کر کے اس کے نمبر لگائیں گے اور رزلٹ اپڈیٹ کر دیا جائے گا۔

تقدیرات کلیہ

Grading Formula		تقدیرات کلیہ	
Marks Percentage	Grades	تقدیرات	فیصد نمبر
90 OR above	A+	ممتاز عالی	90 یا اس سے زیادہ
80 To 89	A	ممتاز	80 تا 89
70 To 79	B	جید جداً	70 تا 79
60 To 69	C	جید	60 تا 69
40 To 59	D	مقبول	40 تا 59

جاری کنندہ

علامہ محمد ساجد البرہانی

نائب ناظم امتحانات نظام المدارس پاکستان